A-PDF Watermark DEMO: Purchase from www.A-PDF.com to remove the watermark

Roll No. | | | | | | Answer Sheet No. ____________

Sig. of Candidate: ____________  Sig. of Invigilator: ____________

# اُردو (لازمی) ایچ ایس ایس سی-II

## حصہ اوّل (کُل نمبر: 20)

وقت: 25 منٹ

نوٹ: حصہ اوّل لازمی ہے اور صفحات 1-2 پر مشتمل ہے۔ اس کے جوابات پرچے پر ہی دیے جائیں گے۔ اس کو پہلے پچیس منٹ میں مکمل کر کے ناظم مرکز کے حوالے کر دیا جائے۔ کاٹ کر دوبارہ لکھنے کی اجازت نہیں۔ لیڈ پنسل کا استعمال ممنوع ہے۔

**سوال نمبرا: دیے گئے الفاظ یعنی الف / ب / ج / د میں سے درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ ہر جزو کا ایک نمبر ہے۔**

(i) اسکندریہ کی قدیم ترین لائبریری آج سے تقریباً ____________ برس قبل قائم ہوئی۔

الف۔ ڈھائی ہزار  ب۔ تین ہزار
ج۔ دو ہزار  د۔ ساڑھے تین ہزار

(ii) شاملِ نصاب سبق " مولانا ظفر علی خاں" کس کی تحریر ہے؟

الف۔ مرزا فرحت اللہ بیگ  ب۔ چراغ حسن حسرت
ج۔ شاہد احمد دہلوی  د۔ رشید احمد صدیقی

(iii) سبق " کلیم اور ظاہر دار بیگ" مولوی نذیر احمد کے ناول ____________ سے اقتباس ہے۔

الف۔ توبۃ النصوح  ب۔ مراۃ العروس
ج۔ ابن الوقت  د۔ بنات النعش

(iv) سبق " شاہ عبداللطیف بھٹائی" کی صنف کیا ہے؟

الف۔ مضمون  ب۔ ناول
ج۔ ڈراما  د۔ سوانح

(v) دنیا کی سب سے ٹیڑھی گلی سان فرانسسکو میں ہے۔ اس میں ____________ بل ہیں۔

الف۔ 575  ب۔ 576
ج۔ 577  د۔ 578

(vi) نظم " ریل کا سفر " کے شاعر کا نام ____________ ہے۔

الف۔ جام درک  ب۔ نیاز سواتی
ج۔ اسرار الحق مجاز  د۔ سید ضمیر جعفری

(vii) مصرع مکمل کریں: " زمانہ حشر تک کرتا رہے گا ____________"

الف۔ تقریرِ آزادی  ب۔ تعمیرِ آزادی
ج۔ تحقیرِ آزادی  د۔ تفسیرِ آزادی

(viii) "زیبِ قرطاس" سے کیا مراد ہے؟

الف۔ دیوار کی زینت  ب۔ چمن کی زینت
ج۔ کاغذ کی زینت  د۔ سٹیج کی زینت

(ix) "مزمّل" آپؐ کا لقب ہے۔ اس کے لغوی معنی کیا ہیں؟

الف۔ کپڑے میں لپٹے ہوئے  ب۔ حسن اخلاق والے
ج۔ عظیم رہبر  د۔ علم دینے والے

(x) نظم " اے نسیمِ بہشت" میں "لعلِ بدخشاں" کا ذکر کیا گیا ہے۔ بتایئے شہر بدخشاں کس ملک میں ہے؟

الف۔ ہندوستان  ب۔ پاکستان
ج۔ ترکستان  د۔ افغانستان

Result.pk

(xi) فراق گورکھپوری کی شاملِ نصاب دوسری غزل کے مطلع کے حوالے سے بتائیں کہ آج بھی قافلہ عشق:

الف۔ رُکا ہوا ہے　　　ب۔ رواں ہے

ج۔ جمود کا شکار ہے　　　د۔ ست ہے

(xii) " شکستہ پر " کو دیکھ کر تابش دہلوی کو کس کی اُڑانیں یاد آتی ہیں؟

الف۔ پرندوں کی　　　ب۔ عقابوں کی

ج۔ اپنی　　　د۔ دوستوں کی

(xiii) ناصر کاظمی کس صدی کے شاعر ہیں؟

الف۔ اٹھارویں　　　ب۔ انیسویں

ج۔ بیسویں　　　د۔ اکیسویں

(xiv) شاملِ نصاب علامہ اقبالؒ کی پہلی غزل کس مجموعہ کلام سے لی گئی ہے؟

الف۔ بالِ جبریل　　　ب۔ بانگِ درا

ج۔ پیامِ مشرق　　　د۔ ارمغانِ حجاز

(xv) مصحفی کے بقول لکھنو کی رونق کس کے دم قدم سے تھی؟

الف۔ شجاع الدولہ　　　ب۔ آصف الدولہ

ج۔ صفدر یار جنگ　　　د۔ سراج الدولہ

(xvi) فاعل کے ساتھ فعل، موصوف کے ساتھ صفت اور مضاف کے ساتھ مضاف الیہ کی بدلتی ہوئی شکلوں کے قاعدے کا نام ______ ہے۔

الف۔ واوین　　　ب۔ قوسین

Result.pk

ج۔ مطابقت　　　د۔ امدادی افعال

(xvii) سب سے مختصر ٹھہراؤ یا وقفے کے لیے ______ کی علامت استعمال ہوتی ہے۔

الف۔ وقفہ　　　ب۔ سکتہ

ج۔ رابطہ　　　د۔ فجائیہ

(xviii) تمہاری بے وفائی نے میرا دل توڑ دیا۔ اس جملے میں "دیا" کون سا فعل ہے؟

الف۔ اصل فعل　　　ب۔ امدادی فعل

ج۔ فعل ناقص　　　د۔ فعل مجہول

(xix) حیرت کے موقع پر استعمال ہونے والے حروف کو کیا کہتے ہیں؟

الف۔ ندائیہ　　　ب۔ استعجابیہ

ج۔ سوالیہ　　　د۔ استفہامیہ

(xx) مراسلہ نگاری سے مراد ہے:

الف۔ خط لکھنا　　　ب۔ آپ بیتی لکھنا

ج۔ جگ بیتی لکھنا　　　د۔ روداد لکھنا

---

برائے ممتحن:　　　کل نمبر : 20　　　حاصل کردہ نمبر: ____

# اُردو (لازمی) ایچ ایس ایس سی -II

وقت: 2:35 گھنٹے

کُل نمبر حصہ دوم اور سوم : 80

نوٹ: حصہ دوم اور سوم صفحات 2-1 پر مشتمل ہے۔ ان سوالات کے جوابات علیحدہ سے مہیا کی گئی جوابی کاپی پر دیں۔ ایکسٹرا شیٹ (Sheet B) طلب کرنے پر مہیا کی جائے گی۔ آپ کے جوابات صاف اور واضح ہونے چاہئیں۔

## حصہ دوم (کُل نمبر 44)

سوال نمبر۲: درج ذیل سوالات کے تین سے چار سطروں تک محدود جوابات لکھیں: (12x3=36)

(i) بابر نے اپنے لشکر کا اندازہ کیسے کیا؟

(ii) درج ذیل جملے کی وضاحت کیجیے:

''اماں نے یہ خبر اس طرح سُنی تھی جیسے چنڈو خانے سے اُڑائی گئی ہو''

(iii) بطور سیاح مستنصر حسین تارڑ کو اپنی زندگی میں کون کون سے انعامات ملے؟

(یا)

فرحت کی وجہ سے مولوی صاحب کے بارے میں کیا غلط فہمی پھیل گئی؟

(iv) نظم ''عرضِ حال بجناب سرورِ کائنات''، ''مسدسِ حالی'' کے کس حصے سے لی گئی ہے؟

(v) نظم 'رات اور ریل' میں ریل کے بارے میں جو تشبیہات استعمال کی گئی ہیں، ان کی نشاندھی کیجیے۔

(vi) سورۃ الرحمٰن کی کسی ایک آیت کی نشاندھی کریں جو شاملِ نصاب نظم کے کسی بند کے مفہوم سے قریب تر ہو۔

(یا)

شاملِ نصاب ''قطعات'' کے حوالے سے صاحب کی مصروفیات پر روشنی ڈالیے۔

Result.pk

(vii) میر درد زاہدانِ شہر کو دستِ سبو پر بیعت کیوں کروانا چاہتے ہیں؟

(viii) غالب کے نزدیک آدمی رسوائی سے کیسے بچ سکتا ہے؟

(ix) ناصر کاظمی کو شہرِ طرب کیوں یاد آیا؟

(یا)

شاملِ نصاب تابش دہلوی کی غزل نمبر۲ کے حوالے سے ''کارِ سلیٔ استاد'' کی وضاحت کیجیے۔

(x) **کرنا ، آنا ، جانا** کو بطور امدادی فعل جملوں میں استعمال کیجیے۔

(xi) رموزِ اوقاف سے کیا مراد ہے؟ نیز اس کے استعمال کے کوئی سے دو فوائد لکھیے۔

(یا)

'' ! '' کی علامت عبارت میں کہاں کہاں استعمال ہوتی ہے؟ نیز اسے اُردو اور انگریزی میں کیا کہتے ہیں؟

(xii) مطابقت کے اصولوں کے مطابق مندرجہ ذیل جملوں کو درست کیجیے:

الف۔ تعزیراتِ پاکستان چھپ گئیں۔

ب۔ اس کا مال و اسباب، مکانات، جاگیر سب کچھ بک گئے۔

ج۔ ماموں بھانجا لڑ پڑا۔

**سوال نمبر۳۔** اپنے چھوٹے بھائی کے نام خط لکھیے جس میں اسے ہدایت کیجیے کہ "فلم بینی" ترک کردے اور تعلیم کی طرف توجہ دے۔ نیز دورِ حاضر میں "فلم بینی" کے بڑھتے ہوئے شوق کے مکروہ پہلوؤں پر تبصرہ کیجیے۔ (8)

**(یا)**

ایک کھنڈر کی داستانِ حیات (آپ بیتی) لکھیے۔

## حصہ سوم (کُل نمبر 36)

**سوال نمبر۴۔ سبق اور مصنّف کا حوالہ دیتے ہوئے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے:** (1+1+4=6)

الف۔ جس کے رقص نے ہندوستان کے تختِ سلطنت کو لرزا دیا۔ جس کے نغمے نے ایوانِ شاہی میں شعلے بھڑکا دیے۔ جس کے حُسن نے جگر گوشۂ مغلیہ کے حواس چھین لیے۔ جس کی نظروں نے ہندوستان کے شہنشاہ کو۔ شیخو کے باپ کو۔ جلال الدین کو لوٹ لیا۔ جس کی ترغیب نے خون میں خون کے خلاف زہر ملایا۔ جس کی سرگوشیوں نے قوانینِ فطرت کو توڑنا چاہا۔ لُٹا ہوا باپ۔ تھکا ہوا شہنشاہ۔ ہارا ہوا فاتح۔ اسے فنا کرے گا۔

ب۔ اُردو سے اُن کے شدید عشق کا اظہار اس وقت ہوا جب گاندھی جی نے ہندوستانی کا شُقلہ چھوڑا۔ جب گاندھی جی سے مولوی صاحب نے ہندوستانی کی وضاحت چاہی تو انہوں نے کہا "ہندی اتھوا ہندوستانی" یعنی وہ ہندی جو آگے چل کر ہندوستانی بن جائے گی۔ مولوی صاحب نے گاندھی جی کو بتایا کہ ہندوستان کے ایک سرے سے دوسرے سرے تک جو زبان بولی جاتی ہے، وہ اُردو ہے اور یہی زبان ہندوستانی ہے مگر گاندھی جی ہندی ساہتیا سملین کے گھیرے میں آئے ہوئے تھے۔ بولے" اُردو مسلمانوں کی زبان ہے۔ قرآن کے حروف میں لکھی جاتی ہے۔ مسلمان چاہیں تو اسے بڑھائیں اور زندہ رکھیں۔"

**سوال نمبر۵۔ کسی ایک جزو کی بحوالہ شاعر تشریح کیجیے اور نظم کا عنوان بھی لکھیں:** (1+1+4=6)

الف۔
بادۂ تہذیبِ یورپ کے چڑھاؤ خُم کے خُم
ایشیا کے شیشۂ تقویٰ کو کر دو پاش پاش
جب عمل اس پر کیا' پریوں کا سایہ ہوگیا
جس سے تھا دل کی حرارت کو سراسر انتعاش،

ب۔
پہنچتا ہے ہر اک میکش کے آگے دورِ جام اس کا
کسی کو تشنہ لب رکھتا نہیں ہے لطفِ عام اس کا
گواہی دے رہی ہے اس کی یکتائی پہ ذات اس کی
دوئی کے نقش سب جھوٹے' ہے سچا ایک نام اس کا

**سوال نمبر۶۔ درج ذیل میں سے تین اشعار کی تشریح کیجیے۔ ہر شعر کے شاعر کا نام بھی لکھیں:** (3+3+3=9)

الف۔
دام ہر موج میں ہے حلقۂ صد کامِ نہنگ
دیکھیں کیا گزرے ہے قطرے پہ گہر ہونے تک

ب۔
شتاب آئیو ٹھہرا رکھیں گے ہم اس کو
جو دم لبوں پہ شبِ انتظار ٹھہرے گا

ج۔
ابرِ نیساں! یہ تنک بخشیِ شبنم کب تک
میرے کہسار کے لالے ہیں تہی جام ابھی

د۔
حالِ دل ہم بھی سناتے لیکن
جب وہ رخصت ہوا تب یاد آیا

ہ۔
آج بھی قافلۂ عشق رواں ہے کہ جو تھا
وہی میل اور وہی سنگِ نشاں ہے کہ جو تھا

**سوال نمبر۷۔ درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مفصل مضمون لکھیں:** (15)

الف۔ ہمارا نظامِ تعلیم

ب۔ سماجی برائیاں۔ اسباب اور سدِ باب

ج۔ نظریۂ پاکستان

د۔ جُدا ہو دیں سیاست سے تو رہ جاتی ہے چنگیزی

Result.pk